سوال

(93) جو شخص اللہ کو واحد اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول برحق جانے اور

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو شخص اللہ کو واحد اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول برحق جانے اور قیامت وغیرہ اعتقادی امور کو مانتا ہے شرک نہیں کرتا اور نماز کو بھی فرض جانتا ہے مگر نماز تمام عمر نہیں پڑھتا وہ شخص مسلما ہے یا کافر؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واضح ہو کہ جو شخص اللہ کو واحد جانتا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول مرسل مانتا ہے اور امور ایمانیہ واعتقاد کا اقرار کرتا ہے، وہ بے شک مسلم ہے کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ اس کو کافر کہے، مگرہاں جس قدر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تارک صلوۃ کو کافر کہا اس قدر ہم بھی تارک صلوۃ کو کافر کہہ سکتے ہیں سوائے اس کے زیادہ حکم کہ وہ سرے سے مسلمان ہی نہیں ہے یہ نہیں لگا سکتے، اوریہی مذہب امام احمد کا بھی ہے۔ واللہ اعلم!

(سید محمد نذیر حسین، سید محمد عبدالسلام، سید محمد ابوالحسن۔ فتاویٰ نذیریہ جلد اول)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد09ص213

محدث فتویٰ